Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

نمبر ۸ | بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم | جلد ۴۳

مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۵ رمضان المبارک سنہ ۱۳۴۹ھ مطابق ۱۴ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	احکام بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم	
۲	احکام منسٹر صاحبان بہادر	

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۰ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

آج ایک حساب خرید پٹرول وغیرہ موٹر صاحب ہوم منسٹر بہادر تعدادی للعہ باستدعاء صدور حکم مجرائی ما بدولت و اقبال کے حضور مین پیش ہوا۔

صاحب چیف منسٹر بہادر کی عرضداشت اور صاحب ہوم منسٹر بہادر کی عرضداشت مین اسکا کچھ پتہ تحریر نہ تھا کہ یہ حساب کس ماہ کا ہے۔ یادداشت آڈٹ مین نام ماہ یعنی دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء درج ہے۔ اس بابت دریافت کیا جائے کہ نام ماہ عرضداشتون مین کیون نہین تحریر ہوا۔ اور آیندہ سے عرضداشت مجرائی مکمل لکھی جایا کرے۔

اصل حساب پر حکم مجرائی صادر فرما دیا گیا۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل معروضہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

ایک نقل صاحب ہوم منسٹر بہادر کی خدمت مین مرسل ہو براہ مہربانی منشاء حکم کارروائی فرمائی جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ کاغذ واپسی مین رہے۔ جواب آنے پر عرضداشت اجلاس بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم مین پیش کیجائیگی۔ ۱۰ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۰ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نقشہ جات حاضری چوکیداران دیہات ماہواری دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء منظوری ملاحظہ ہوئے۔ حسب ذیل امور کی بابتہ دریافت ہو۔

۱۔ تھانہ ٹانڈہ مین تعداد غیر حاضری چوکیداران بہت زیادہ ہی۔ وجہ کثرت غیر حاضری معلوم کیجائے۔

۲۔ تھانہ سوار و دیگر تھانہ جات مین تفصیل اسوار کی میزان اکثر نقشہ مین نہین ہو۔

۳۔ سوار مین غیر حاضری بہت کم ہے لیکن حاضر تھانہ کی تعداد اور بکار سرکار کی تعداد زیادہ وجہ تفصیل لکھی جائے۔

۴۔ تھانہ ملک [illegible] نقشہ جات کی بھی حالت مثل نقشہ سوار کے ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے تعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

جناب صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کی خدمت مین مرسل ہو۔ براہ مہربانی ابتدا حکم مطلع فرمایا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۷ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۷ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

آج ۷ فروری سنہ ۱۹۳۱ء کو مفصلہ ذیل حسابات اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء سے دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء تک باستدعائے صدر حسب حکم مجرائی بدولت و اقبال کے حضور مین پیش ہوئے۔

۱۔ حساب قیمت پان بہاری خاصہ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء ۔

۲۔ حساب قوت برقی دفتر اکاؤنٹنٹ جنرل نومبر سنہ ۳۰ء ۔

۳۔ حساب قوت برقی انبار ماہ ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء ۔

۴۔ حساب خرید کاغذ وغیرہ دفتر بابت نومبر ۔

۵۔ حساب مصارف قیمت طعام ماہ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء

۶۔ حساب روشنی برقی مقبرہ جات بابت ماہ نومبر سنہ ۱۹۳۰ء ۔

۷۔ حساب قیمت طعام خاصہ باورچی خانہ ہندوستانی [illegible]

۸۔ حساب قیمت طعام خاصہ باورچی خانہ [illegible]

۹۔ حساب خرید مصالحہ [illegible] دفتر خانہ ماہ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء ۔

دریافت طلب یہ امر ہے کہ حسابات بالا اس قدر تاخیر سے کیون بھیجے گئے۔ صیغہ جات متعلق اور فائننس ڈپارٹمنٹ سے دریافت کیا جائے۔ کہ وجہ تاخیر کیا ہے۔ اصل حسابات پر تاریخ امروزہ مین حکم مجرائی صادر فرما دیا گیا ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل مندرجہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

بمنشائے حکم سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور درج گزٹ ہو۔ ۸ فروری سنہ ۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۷ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ جسب استدعائے صاحب ہوم منسٹر بہادر باتفاق رائے صاحب چیف منسٹر بہادر پارچہ ریشمی و اونی و سوتی پر وصول اور واپسی محصول چنگی کی شرح بصراحت ذیل منظور کیجاتی ہے۔

۱۔ پارچہ ریشمی و اونی پر فی روپیہ چھ پائی محصول چنگی بدستور وصول کیا جائے البتہ فروخت کرنیوالا جسقدر پارچہ ریشمی و اونی باہر بھیجے تو بحساب فی روپیہ دو پائی اسکو واپسی کر دیجائینگی اور چار پائی فی روپیہ محصول چنگی سرکار کو دیئے جائینگے۔

۲۔ پارچہ سوتی پر بجائے دو آنہ فی روپیہ محصول چنگی مقرر ہے آئندہ سے تین پائی فی روپیہ سوتی کپڑے پر محصول چنگی کی شرح منظور کیجاتی ہے البتہ فروخت کنندہ جسقدر پارچہ سوتی باہر بھیجے تو بحساب فی روپیہ ایک پائی اسکو واپسی کر دئے جائیں اور تین پائی فی روپیہ محصول چنگی کے لئے جائیں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل مندرجہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

بمنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون اور درج گزٹ ہو۔ ۸ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۹ فروری سنہ ۳۱ء

(دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم)

صیغہ الیکٹریسٹی وغیرہ کے مقامات تفصیلات مین اور سررشتہ دار صیغہ [illegible]

زیادہ رہتے ہیں۔ بلکہ تشخیص کی نوبت دیر میں آتی ہے اور اہل معاملہ پریشان رہتے ہیں۔ محکمہ صیغہ مال میں نائب تحصیلداران کی تعداد بہت زیادہ ہے صاحب ریونیو منسٹر بہادر کسی ایک نائب تحصیلدار کو بضرورت خاص تشخیص مقدمات کے لئے اختیارات دیکر جلد مقدمات کو طے کرائیں تاکہ عام رعایا بارگرانی سے امن میں رہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل مصرحہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

اصل حکم ریونیو منسٹر بہادر کیجدمت میں بغرض کارروائی مرسل ہو۔ اور نقل درج گزٹ ہو۔

۹ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۷ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مسٹر سید ضمیر الحسن برنی کی خدمات دو سال کیلئے گورنمنٹ آف انڈیا سے بطور مستعار حاصل کی گئی ہیں۔ وہ یکم فروری سنہ ۱۹۳۱ء سے اون کو بشاہرہ چار سو روپیہ ماہوار پولیٹیکل سکریٹری مقرر کیا جاتا ہے۔ دار الانشاء سے تنخواہ دیجیگی۔ اور وہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے تحت رہیں۔ علاوہ تنخواہ چندہ پنشن اور رخصت گورنمنٹ میں بھیجا جائیگا سکونت کے لئے سرکاری مکان دیجیگا اور پچیس روپیہ ماہوار سواری کا الاؤنس پایا کرینگے۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب منشا حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔ ۔ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۔ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بموجب رپورٹ ماسٹر ریاست علیخان کی دس یوم کی رخصت رعایتی منظور ہے کاغذات بغرض کارروائی ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

اصل کاغذات صاحب ہوم منسٹر بہادر کیخدمت میں اور نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

۔ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بیرسانند	جناب عالی	بعرض

ماسٹر ریاست علیخان دس یوم کی رخصت رعایتی چاہتے ہیں۔ استحقاق رخصت انہیں حاصل ہے۔ صاحب ہوم منسٹر بہادر نے کاغذات برائے صدور حکم بھیجے ہیں جو بذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں۔ زیادہ حد ادب۔ آفتاب دولت واقبال تابان باد۔

عریضہ

تنخواہ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر معروضہ ۔ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

۳ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

رپورٹ مناسب ہے جو صیغہ کال کرے اپنے بجٹ کے متفرقات سے رقم ادا کرے صیغہ تعمیرات میں اس کام کے لئے کچھ نہیں۔ بجٹ منظور ہونے کی ضرورت نہیں ہے کاغذات بنابر کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بیرسانند	جناب عالی	بعرض

ٹرنک کال کا جدید انتظام ریاست ہذا میں ہوا ہے۔ اس کا بجٹ صیغہ تعمیرات سے دو سو روپیہ تجویز کیا گیا ہے صاحب فائنس منسٹر بہادر کی رائے ہے کہ جو محکمہ کال کرے اپنے بجٹ سے رقم ادا کرے۔ ہر بجٹ کے متفرقات سے رقم ادا کیجائیگی جملہ کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور میں پیش ہیں۔ تنخواہ کو بھی صاحب فائنس منسٹر بہادر کی رائے سے اتفاق ہے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ تاکہ جملہ صیغہ جات میں احکام جاری ہوسکیں۔ زیادہ حد ادب۔ آفتاب دولت واقبال تابان باد

تنخواہ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر معروضہ ۔ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

بمنشا حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۲ فروری سنہ ۱۹۳۱ عیسوی

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۱ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

(دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

آج کثیر تعداد مین مختلف صیغہ جات کے حسابات بابت عاے صدر وحکم مجرائی پیش ہوئے جو ماہ جون سنہ ۱۹۳۰ء سے دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء تک کے تھے فہرست مفصل ان حسابات کی شامل ہے حکم مجرائی حسابات مذکور پر صادر فرمایا گیا۔

دریافت طلب یہ امر ہے کہ اسقدر تاخیر کیسا تھہ یہ حسابات مجرائی کے لئے کیون پیش کئے گئی صیغہ جات متعلقہ اور فائنینس ڈپارٹمنٹ سے اس بابتہ جواب لیا جائے اور مفصل رپورٹ بہ اظہار وجہ تاخیر پیش کیجائے۔

۲۔ بعض حسابات انہین ایسے بھی ملاحظہ ہوئے کہ جنمین آڈٹ سے اعتراضات ہوکر چند مرتبہ واپسی ہوئی ہے اور صیغہ متعلقہ سے اون اعتراضات کی تکمیل ہوئی ہے۔ برائے آئندہ حکم دیا جاتا ہے کہ ہر صیغے سے حسابات مکمل طور پر اور صحیح حالت مین مرتب ہوا کرین تاکہ آڈٹ سے واپسی کی نوبت نہ آئے۔ اور صیغہ آڈٹ سے بھی فضول اعتراض کیساتھہ حسابات واپس نہ کئے جائین البتہ وہ اعتراضات جنکی تکمیل ضروری ہے یا جن سے نفع ونقصان سرکاری کا تعلق ہے آڈٹ سے ضرور کیجائین۔ بلا سبب کاغذات کو طوالت مین نہ ڈالا جائے۔ معمولی حسابات وقت پر ماہ بماہ کل صیغہ جات سے مرتب ہوا کرین غیر معمولی حسابات کے لئے کوئی قید نہین ہے بلکہ جب اونکا کام ختم ہو فوراً حساب مرتب کرکے روانہ کر دیا جائے ختم مہینہ کا انتظار نہ کیا جائے۔

۳۔ یہ بھی دیکھا جاتا ہے کہ اکثر حسابات صرف ۲ یا ۱۲ کے بابتہ آنے پائی کے مرتب ہوتے ہین جنپر آڈٹ سے جانچ ہوتی ہے اہلکاران آڈٹ کے دستخط ہوتے ہین اہلکاران صیغہ متعلق کے دستخط ہوتے ہین منسٹر صاحبان متعلق کے دستخط ہوتے ہین فارم آڈٹ فارم ہوا فارم یادداشت شامل ہوتا ہے۔ ایک خفیف رقم کے حساب کے لئے اسقدر طوالت ہوتی ہے آئندہ کے لئے ہر صیغہ مین یہ عمل رکھا جائے کہ خفیف خفیف رقوم کا ایک حساب ختم ماہ پر بلا توقف مرتب کرکے بھیجا جائے البتہ اگر کسی ماہ مین کوئی غیر معمولی کام کسی صیغہ مین ہو تو اوسکا حساب فوراً کام ختم ہونے پر مرتب کرکے بھیجا جایا کرے۔

جملہ منسٹر صاحبان بہادر اپنے اپنے ماتحت صیغہ جات کے ذمہ دار ہین کہ اونکے صیغہ جات سے حسابات ماہانہ معمولی اور غیر معمولی وقت پر حسب صراحت بالا مرتب ہوکر روانہ ہوا کرین۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع فہرست حسابات برائے تعمیل معروضہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل اس روبکار کی مع نقل فہرست حسابات درج گزٹ کیجائے۔

بمنشائے حکم بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم آج ہی سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔ ۱۱ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

فہرست جمع خرچ ہائے من ابتدا جون سنہ ۱۹۳۰ء لغایت دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء

نمبر شمار	نام کام	تعداد رقم
۱	تنخواہ ملازمان مرحوم تحویلی ماہ جون جولائی اگست سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۲	بھتہ ملازمان فائر بریگیڈ ۲ اگست لغایت ۹ ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۳	اجرت شوب پارچہ جات کوٹھیات خاصباغ جیلیوی اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۴	بھتہ طعام مہمانان مردانہ یکم لغایتہ ۳۱ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۵	مصارف متفرق ہوٹل سسری ماہ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۶	مصارف مرمت برقی موٹر بجلی خاصباغ پارک دہلی ماہ اکتوبر	[illegible]
۷	قیمت روغن بیاد شعل بابت خاصہ ماہ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۸	خرید نو عدد قفل جدید متعلقہ توشخانہ ماہ نومبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۹	خریداری برش وغیرہ مصارف خاصباغ ماہ نومبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۱۰	تیاری جہاز ن مصارف کوٹھی خسرو باغ ماہ نومبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۱۱	سائر خرچ دفتر مہتمم خاصہ ماہ نومبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۱۲	اجرت اجیران کنندہ جات ماہ نومبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۱۳	خریداری تکی سوپ مصارف کوٹھی خاصباغ ماہ نومبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۱۴	تمباکو کشیدنی مصارف محلات ماہ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۱۵	خوراک مریضان صدر شفاخانہ یکم لغایتہ ۱۵ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۱۶	خوراک مریضان صدر شفاخانہ ۱۶ لغایتہ ۳۱ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۱۷	قیمت لوازم وغیرہ برائے انگشتری نقرہ صرف خاص ماہ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۱۸	اجرت اجیران گودام خاصباغ ماہ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۱۹	خریداری پٹرول وغیرہ ماہ دسمبر مصارف موٹر محمد عبد الحمید	[illegible]
۲۰	سفر خرچ وبھتہ ڈپٹی انسپکٹر مدارس ۲ دسمبر و ۱۰ دسمبر و ۱۱ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۲۱	سفر خرچ وبھتہ انسپکٹر مدارس ۱۴ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۲۲	قیمت اخبارات مصارف متفرق تیاری خاصہ ماہ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۲۳	راتب وغیرہ گاؤ میش خانہ ماہ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۲۴	مصارف تیاری خاصہ ۲ لغایتہ ۱۳ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۲۵	اجرت شوب پارچہ مہمانان ماہ نومبر لغایتہ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۲۶	راتب وغیرہ گاؤ میش خانہ ۱۶ لغایتہ ۳۱ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۲۷	مصارف مہمانان مردانہ باورچیخانہ ہندوستانی ماہ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]
۲۸	قیمت پان تمباکو ومصارف متفرق ماہ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء	[illegible]

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۴ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مسودہ منظوری مسودہ ترمیم ضابطہ دیوانی مندرجہ گزٹ ۱۳ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء حسب استدعائے صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر بہ اتفاق رائے صاحب چیف منسٹر بہادر مطابق ضابطہ دیوانی متذکرہ صدر منظور کیا جاتا ہے کہ:-

اجرا و تعمیل سمن کی کارروائی ہر عدالت سے بالا بالا صیغہ متعلق کے ذریعہ سے ہوا کرے تاکہ تصفیہ مقدمات میں کوئی تاخیر نہ ہو اور جلد تعمیل ہوا کریں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے تعمیل و اجرائے احکام ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجاوے۔

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

معروض جناب عالی بعد رسائی

عدالت خفیفہ کی رپورٹ جس سے عدالت ہائی کورٹ نے بھی اتفاق کیا ہے صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر نے پیش کی ہے کہ سمنوں کی تعمیل دیر میں ہونے سے دوران مقدمہ بڑھ جاتا ہے۔ مقدمات کے فیصلہ میں تعویق ہوتی ہے۔ چونکہ ضابطہ دیوانی بعد ترمیم یہاں رائج ہوگیا ہے۔ مطابق ضابطہ دیوانی منظور شدہ تعمیل سمن کی کارروائی ہر عدالت سے بالا بالا صیغہ متعلق کے ذریعہ جاری ہونے کا حکم چاہتے ہیں۔ ایسی حالت میں مقدمات کے انفصال میں تاخیر نہ ہوگی۔ جملہ کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں۔ زیادہ حد ادب۔

آفتاب دولت و اقبال تابان باد۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر ۴ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

جناب صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔ براہ مہربانی بمنشاء حکم کارروائی فرمائی جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۴ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

بنا بر اطلاع و کارروائی ضروری ہائی کورٹ کو یہ کاغذات مرسلوں۔ ۱۱ فروری ۱۹۳۱ء ثانیاً جملہ عدالت ہائے و صیغہ جات ماتحت میں احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل فائل بک میں چسپاں کیجائے۔ المرقوم ۱۱ فروری سنہ ۱۹۳۱ء دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۲ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

(دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

آج بدولت و اقبال کے حضور میں چند حسابات اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء و نومبر و دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء کے باستدعائے سند ورکم مجرائی پیش ہوئے۔ ان میں ایک حساب اگست سنہ ۱۹۲۹ء لغایت اگست سنہ ۱۹۳۰ء کا بھی ہے۔ تفصیل ان حسابات کی درج تحت ہے۔ حکم مجرائی حسابات مذکور پر صادر فرمادیا گیا۔ دریافت طلب یہ امر ہے کہ حسابات اس قدر تاخیر سے کیوں پیش ہوئے۔ صیغہ جات متعلق اور فائنس ڈپارٹمنٹ سے اس بابت جواب لیا جائے اور برائے آیندہ حسب منشاء روبکار ۱۱ فروری سنہ ۱۹۳۱ء تیاری حسابات کے متعلق تعمیل کیجائے۔

کرایہ تانگہ اسسٹنٹ سررشتہ دار صدر ماہ دسمبر ـ (۔ ۹ روپیہ) ـ مصارف متفرق اجلاس ہمایوں ماہ دسمبر (۔ ۲ روپیہ)

مصارف قوت برقی دفتر اخبار ـ قوت برقی چوکی پولیس جامع مسجد ماہ دسمبر ـ ٹکٹ سروس پولیس ماہ دسمبر (۔ ۱۰ روپیہ) (۔ ۲ روپیہ)

چندہ اخبار لیڈر ہندوستان ٹائمز بابت ماہ اگست سنہ ۱۹۲۹ء (صہ) قوت برقی تھانہ گنج (۔ روپیہ)

خرید پٹرول موٹر سپلائی ماہ اکتوبر ـ (۔ ۱۲ روپیہ)

اجورہ قلیان کام کنندہ حکیم والا اکرام ماہ نومبر ـ مصارف راتب پشیان باغات نمبر نومبر

خریداری سامان پوشاک ریویو فیشن بموقع سالگرہ ہمایوں ماہ نومبر ـ اجورہ قلیان بحصہ زرشوئی ماہ نومبر

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل بصدر بالا و اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

بمنشائے حکم سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ کیجائے۔

۱۲ فروری سنہ ۱۹۳۱ء دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

برخاستگی

۹ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

مثبتہ تحریر صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری موقوفی عبدالحمید منصرم باورچیخانہ خاصہ بموجب حکم بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم۔

حکم

حسب منشائے حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم عبدالحمید منصرم باورچیخانہ خاصہ برخاست کیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۷ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے بموجب استدعائے صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر بہ اتفاق رائے صاحب چیف منسٹر بہادر- ملازمان سرکاری کے خلاف قائمی مقدمہ کے متعلق حسب صراحت ذیل (انتظام) منظور کیا جاتا ہے:-

۱- پچاس روپیہ ماہانہ سے زائد کے ملازمان سول پر اگر مقدمات فوجداری جنمین سزائے قید ہے دائر کئے جاویں تو ماہدولت واقبال کے حضور سے اجازت حاصل کیجائے۔

۲- پچاس روپیہ یا اس سے کم کی تنخواہ دار ملازمان کے خلاف مقدمہ دائر ہو تو صاحب چیف منسٹر بہادر اور دیگر منسٹر صاحبان بہادر کی اجازت اپنے اپنے حد اختیارات کے اندر کافی ہوگی۔

۳- مقدمات جنگی و دفعہ ۳۴ پولیس ایکٹ و نیز خفیف دیگر جرائم جنمین محض سزائے جرمانہ ہو کسی اجازت کی ضرورت نہین ہے مقدمہ قائم کرتے وقت حاکم صیغہ کو اطلاع دینا کافی ہوگا۔

۴- ملازمان فوج باضابطہ کمانڈنگ افسر صاحبان کے ذریعہ سے سپردگی مین لئے جایا کرین اور بوقت گرفتاری فوراً کمانڈنگ افسر کو اطلاع دیجائے اور اجازت قائمی مقدمہ کے لئے حسب صراحت بالا کاروائی کیجائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل مندرجہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

حسب منشاء حکم سرشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور درج گزٹ ہو۔ ۷ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۸ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

آج دو حسابات مفصلہ ذیل باستدعائے صدر محکمہ مجرائی ماہدولت واقبال کے حضور مین پیش ہوئے جنپر حکم مجرائی صادر فرمادیا گیا۔

۱- مصارف پٹرول موٹر صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر ---- [illegible]

۲- خریداری میوہ جات ومصارف متفرق اکتوبر لغایۃ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء ---- [illegible]

دریافت طلب یہ امر ہے۔ کہ خرید پٹرول کا حساب ماہ اکتوبر اسقدر تاخیر کے ساتھ اب کیون پیش ہوا۔ اور پٹرول مذکور کے حسابات نومبر لغایۃ جنوری کہان ہین۔

اسیطرح خرید میوہ جات کا حساب تعدادی [illegible] تین ماہ کو ہے۔ یہ حساب ماہواری کیون نہین مرتب کیا جاتا اکتوبر کے حساب کو اب اسقدر تاخیر سے کیون بھیجا گیا۔ اس بابت صیغہ متعلقہ وہ فائنینس ڈپارٹمنٹ سے جواب لیا جائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل مندرجہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

ایک ایک نقل جناب صاحب فائنینس منسٹر بہادر وجناب صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کیجانب متعین مرسل ہو۔ منشائے حکم مطلع فرمادیا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۸ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

آرمی آرڈر بپیشگاہ اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
ترقی عہدہ
واقع ۴ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

صاحب چیف منسٹر بہادر کی یادداشت معروضہ ۴ فروری سنہ ۱۹۳۱ء ملاحظہ ہو کہ بتعمیل حکم [illegible] مصدرہ [illegible] فروری سنہ ۱۹۳۰ء صاحب آرمی منسٹر بہادر نے جمعدار [illegible] الفنٹری کی خالی [illegible] پر ترقی حسب تجویز سلیکشن بورڈ دیجانے کے بابت مین اتفاق رائے [illegible] کاغذات بورڈ مذکور کو واپس [illegible] اور بورڈ نے اپنی تجویز سابق قائم رکھی۔ صاحب آرمی منسٹر بہادر جمعدار [illegible] الطاف حسین خان کو صوبہ دار [illegible] ترقی دلانا چاہتے ہین۔ ترقی تنخواہ کو صاحب آرمی منسٹر بہادر کی رائے سے اتفاق ہے۔ [illegible] ہوئی۔ جمعدار [illegible] الطاف حسین خان کو خالی عہدہ صوبہ داری پر ترقی دیجاتی ہے [illegible] جمعدار [illegible] کی جگہ کی بابت انتظام ہونیکی ضرورت ہے۔ اسکے متعلق رپورٹ پیش کیجاوے۔ کہ کیا بندوبست ہوا۔ آرمی آرڈر جاری ہو۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر
واقع ۷ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

مثل تحریر صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر بابت منظوری رخصت دس یوم رخصت اتفاقیہ و پانچ یوم بوضع تنخواہ حافظ احمد نبی خان [illegible] مکتب خانہ بضرورت جانے [illegible] بوجہ علالت [illegible] خود۔

حکم

حسب تحریر صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر انچارج سردار صاحب ڈیوڑھی حافظ احمد نبی خان [illegible] مکتب خانہ کی رخصت اتفاقیہ دس یوم اور رخصت بوضع تنخواہ پانچ یوم منظور کی جاتی ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۲ر فروری ۱۹۳۱ء

(دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے حسب استدعائے صاحب ہوم منسٹر بہادر باتفاق رائے صاحب چیف منسٹر بہادر ڈاکٹر ایس بی وحیدی کا تقرر بعہدہ دو سو روپیہ ماہوار بعہدہ اسسٹنٹ سرجن ۱۱ر جنوری ۱۹۳۱ء یوم کارگزاری سے منظور ہے۔ کاغذات ہذا بغرض اجرائے احکام ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض عرض — جناب عالی — [illegible]

ڈاکٹر ایس بی وحیدی صاحب کا تقرر بمشاہرہ دو سو روپیہ ماہوار بعہدہ اسسٹنٹ سرجن پیشگاہ بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سے ماہ نومبر میں منظور فرمایا گیا تھا۔ صاحب ہوم منسٹر بہادر لکھتے ہیں کہ ڈاکٹر صاحب ماہ نومبر میں حاضر ہوئے تھے شرکت امتحان کی غرض سے اجازت حاصل کرکے چلے گئے تھے۔ اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم نے منظور فرما لیا تھا کہ [illegible] تاریخ سے ملازمت پر حاضر ہوں اس کے تقرر سے کارروائی نہ ہوئی تھی۔ اب ڈاکٹر صاحب آگئے ہیں اور ۱۰ر جنوری ۱۹۳۱ء سے اسپتال میں کام شروع کردیا ہے۔ صاحب ہوم منسٹر بہادر ۱۱ر جنوری ۱۹۳۱ء سے ان کا تقرر بمشاہرہ دو سو روپیہ ماہوار چاہتے ہیں۔ جملہ کاغذات ذریعہ عرضداشت منظوری حضور میں پیش ہیں تنخواہ متعدی ہے کہ حکم تقرر بشرف نفاذ پاسکے۔ زیادہ حد ادب۔ آفتاب دولت واقبال تاباں باد۔

عرضداشت دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر ۱۲ر فروری ۱۹۳۱ء

نقل حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم برشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو ۱۲ر فروری ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

واقع ۸ر فروری ۱۹۳۱ء

حسب تحریر صاحب فائننس منسٹر بہادر دربارہ صدور حکم نسبت منظوری رخصت ایکماہ بوضع نصف تنخواہ بصورت خاص بانتظام سابقہ سید مسعود احمد آڈیٹر۔

حکم

بسلسلہ انتظام سابقہ ایکماہ کی رخصت سید مسعود احمد آڈیٹر ۱۰ر فروری سے ۳ر مارچ ۱۹۳۱ء تک بصورت خاص بنصف تنخواہ منظور کیجاتی ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور

واقع ۲۵ر جنوری ۱۹۳۱ء

بہنگام پیشی مسل مقدمات صیغہ دیوانی معلوم ہوا کہ اکثر اشخاص تحریرات [illegible] میں صرف رقم تحریر کرتے ہیں عبارت میں تعداد رقم نہیں لکھتے ہیں اس طریقہ تحریر میں پورے طور پر صحت وتحریف کی گنجائش ہوتی ہے جس سے آئندہ مشتبہ ہونے تنسیخ ورد جعل کا موقع ہے اسلئے یہ طریقہ تحریر رقوم قابل انسداد اور لائق مسدودی ہے اور تجویز کیا جاتا ہے کہ جملہ دستاویزات وعرائض دعوے وبیان تحریری وعرائض درمیانی اور دیگر کاغذات میں جو لائق پیشی عدالت ہوں تعداد رقوم یا شمار وزنی واعداد تاریخ وسنہ بالفاظ عبارت میں لکھکر اس کے اوپر ہندسہ یا رقم لکھنا چاہیے اور جس مقام پر رقم عددیات کی تحریر کی ضرورت ہو تو اس موقع پر رقم مذکورہ اور اس کا لفظی بھی عبارت میں لکھنا چاہیے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا بغرض اطلاع عام بذریعہ صاحب [illegible] بہادر درج گزٹ ہو۔ اصل روبکار شریک فائل ہو۔

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

ٹھیکہ مرغ آبیان

واقع ۲ر فروری ۱۹۳۱ء

مسودہ کاغذات تحریر صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری ٹھیکہ مرغابیان بحساب فی پر مبلغ ایک روپیہ چھ آنہ بنا مصارف باورچیخانہ جات عام من ابتدائے نومبر ۱۹۳۰ء لغایتہ اکتوبر ۱۹۳۱ء بنام محمد علی ننھے خان بشرائط سابقہ۔

حکم

حسب تحریر جناب صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر ٹھیکہ سپلائی مرغابیان باورچیخانہ عام برائے یک سال من ابتدائے نومبر ۱۹۳۰ء لغایتہ اکتوبر ۱۹۳۱ء بقیمت ایک روپیہ چھ آنہ فی پر بنام ننھے خان ومحمد علی دیا جانا منظور ہے کاغذات بغرض کارروائی صاحب موصوف کی خدمت میں مرسل ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر
واقع ۱۰ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

مثل رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر در بارہ منظوری رخصت یک ماہ رعایتی چوبے بھگوانداس معاون اہلمد پیشی صدر مشاہرہ دار چودہ روپیہ ماہوار بغرض ادائیگی ہر دوار برائے ادائیگی فرض مذہبی بذمہ داری سید اشرف علی معاون اہلمد پیشی صدر من ابتداء ۱۴ فروری ۱۹۳۱ء لغایت ۱۳ مارچ ۱۹۳۱ء۔

حکم

حسب سفارش سررشتہ دار صاحب صدر رخصت یک ماہ رعایتی چوبے بھگوانداس معاون اہلمد بذمہ داری سید اشرف علی منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر
واقع ۹ فروری سنہ ۱۹۳۱ء

باتفاق رائے صاحبان کنٹرولر ہز ہائنس و کنٹرولر ہوس ہولڈ بجائے مختار احمد سابق محرر … اخبار شیو پرشاد اہلمد کنٹرولر صاحب ہز ہائنس اپنی ہی تنخواہ پر منظور ہے۔ شیو پرشاد کا نام … برآورد عملہ کنٹرولر صاحب ہوس ہولڈ و مختار احمد کا نام … برآورد عملہ کنٹرولر صاحب ہز ہائنس لیا جائے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں صدور سے اجرائے احکام ہو کر داخل دفتر ہو۔

دستخط صاحب ۔

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا